نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا زرعی گریجوایٹس کے لیے انقلابی اقدام

زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے پہلے مرحلہ کی کامیابی کے بعد دوسرے مرحلے کا آغاز

2 ہزار زرعی گریجویٹس کی بھرتی کی جائے گی اور 60 ہزار روپے ماہانہ وظیفہ بھی دیا جائے گا: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: **25 جولائی 2025**: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر نوجوانوں کے روشن مستقبل کی جانب ایک اور بڑا قدم اٹھاتے ہوئے زرعی گریجوایٹس کے لیے انٹرن شپ پروگرام کے دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ اس پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران صوبہ بھر سے 2000 زرعی گریجوایٹس کو منتخب کیا جائے گا اور انہیں ماہانہ 60 ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا تاکہ وہ معاشی طور پر خود مختار ہو کر زرعی شعبے میں اپنی صلاحیتوں کو عملی طور پر بروئے کار لا سکیں۔ اس پروگرام کے تحت ہر ضلع کا علیحدہ کوٹہ مقرر کیا گیا ہے جس میں لاہور، ملتان، فیصل آباد، گوجرانوالہ، راولپنڈی، سرگودھا، بہاولپور، ڈی جی خان سمیت پنجاب کے تمام اضلاع شامل ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ درخواست گزار کے لیے لازم ہے کہ وہ کسی تسلیم شدہ زرعی یونیورسٹی سے بی ایس آنرز یا ایم ایس سی آنرز ایگری کلچر کی ڈگری رکھتا ہو۔ عمر کی حد زیادہ سے زیادہ 25 سال مقرر کی گئی ہے جبکہ درخواست دہندہ کا پنجاب کا رہائشی اور متعلقہ ضلع کا ڈومیسائل ہونا بھی ضروری ہے۔ خواہشمند نوجوان درخواست فارم و دیگر تفصیلات محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سمیت متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔ مکمل درخواست فارم متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرائیں۔ اس ضمن میں درخواست دینے کی آخری تاریخ **8 اگست 2025** ہے۔ تمام متعلقہ معلومات محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ مزید رہنمائی کے لیے ایگریکلچر ہیلپ لائن 0800-17000 پر صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک بروز سوموار تا ہفتہ رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ یہ پروگرام نہ صرف نوجوانوں کو عملی تجربہ فراہم کرے گا بلکہ زرعی ترقی اور روزگار کے مواقع کے حصول میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔

☆☆☆☆